جماعت چہارم معاشرتی علوم

باب 4 حکومت: ہمارا نظامِ حکومت

س1 رفاہی تنظیمیں کیا ہوتی ہیں؟
ایسے ادارے جو لوگوں کی بغیر کسی مالی فائدے کے خدمت کرتے ہیں۔ ان کو رفاہی تنظیمیں کہتے ہیں۔

س2 شہریت کے حصول کے طریقے لکھیں؟
ج شہریت کے حصول کے دو طریقے ہیں:

1 پیدائشی طریقہ:- اگر کوئی بچہ کسی ملک میں پیدا ہوتا ہے تو اُسے اس ملک کی شہریت مل جاتی ہے، جہاں اس کی پیدائش ہوئی ہو۔ اس کو شہریت حاصل کرنے کا پیدائشی طریقہ کہتے ہیں۔

2 قانونی طریقہ:- اگر کوئی شہری کسی دوسری ریاست میں رہائش اختیار کرتا ہے، وہاں شادی کرتا ہے یا وہاں جائیداد خریدتا ہے تو اس کو درخواست دینے پر وہاں کی شہریت مل جاتی ہے۔

س3 صوبائی حکومت کے تین شعبے کون کون سے ہیں؟
ج 1. مقننہ 2. انتظامیہ 3. عدلیہ

س: جمہوریت کی تعریف کریں؟

جمہوریت لفظ جمہور سے نکلا ہے۔

"جمہوریت سے مراد عوام کی حکومت ہے
جو عوام کے لیے کام کرتی ہے اور عوام
کے ذریعے منتخب ہوتی ہے۔"

س: آئین سے کیا مراد ہے؟

"بنیادی اصولوں کا وہ مجموعہ جس کے
مطابق ریاست کا نظم و نسق چلایا
جاتا ہے ریاست کا آئین یا دستور کہلاتا
ہے۔"

2- خالی جگہ پُر کریں۔

i- صوبائی حکومت کا سربراہ وزیرِ اعلیٰ ہوتا ہے، جسے ___5___ سال کے لیے صوبائی اسمبلی کے ممبران منتخب کرتے ہیں۔

ii- صوبہ پنجاب میں ہائی کورٹ ___لاہور___ میں واقع ہے۔

iii- صوبہ ___پنجاب___ کی صوبائی اسمبلی کی کل 371 نشستیں ہیں۔

iv- ہائی کورٹ کا ___سربراہ___ چیف جسٹس کہلاتا ہے۔

v- معاشرہ سے مراد افراد کا وہ مجموعہ ہے جو کسی خاص ___مقصد___ کے لیے مِل کر زندگی بسر کر رہے ہوں۔

vi- حکومت کا کام ___قوانین___ بنانا اور اسے نافذ کرنا ہے۔

vii- پاکستان میں وفاقی و پارلیمانی طرزِ حکومت رائج ہے۔ وفاقی و پارلیمانی

viii- ایسے اصول جنھیں ___حکومت___ ریاست کے اندر امن و امان کے قیام کے لیے بناتی ہے، قانون کہلاتا ہے۔